# 11364 ـ اللہ تعالی کے اسم " الرفیق " کا معنی ۔

**سوال**

اللہ تعالی کے اسم " الرفیق " کا معنی کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

بیشک اللہ تعالی اپنے بندوں کے ساتھ بہت ہی رفیق ( مہربان ) ہے اوروہ اپنے افعال میں بھی رفیق ہے ، اس نے سب مخلوقات کوبتدریج حکمت اورمہربانی کے ساتھ ایک ایک چیز کرکے پیدافرمایا ، باوجود اس کے وہ انہیں ایک لحظہ میں پیدا کرنے پر قادر تھا ، توجوبھی شریعت پر غور فکر اورتدبر کرے گا وہ کس طرح ایک ایک چیز کرکے لاتی ہے تو وہ اسے اللہ تعالی کی رفق ومہربانی پر شاھد پائے گا ۔

اور اللہ عزوجل بہت ہی مہربان ہے وہ جلد بازی نہیں کرتا کیونکہ جلد بازی تو وہ کرتا ہے جسے کسی چیز کے ختم ہوجانے کا ڈر ہو ، لیکن وہ جس کے قبضہ اورملکیت میں سب کچھ ہو وہ اس میں جلد بازی نہیں کرتا ۔

ابن قیم رحمہ اللہ تعالی کا قول ہے :

اوروہ اللہ تعالی مہربان ہے اور مہربانی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے بلکہ انہیں اپنی مہربانی سے ان کی خواہش سے بھی زیادہ عطا فرماتا ہے ۔ .